# امداد اطفال بحفاظت حاصل کرنے کے بارے میں امداد اطفال کے تمام امکانی درخواست دہندگان کے لیے معلومات

## امداد اطفال کا کیس کھولنے کے فوائد

نیو یارک سٹی میں بچے کی تنہا پرورش کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (Office of Child Support Services, OCSS) آپ اور آپ کے بچے کے لیے امداد اطفال کی کارروائی کو ممکن حد تک محفوظ بنانے کا پابند عہد ہے۔ OCSS ولدیت اور سپورٹ آرڈر کے قیام سمیت بہت ساری خدمات پیش کرتا ہے۔

| قانونی ولدیت | امدادِ اطفال کی ادائیگیاں | والدین اور بچے کا رشتہ | صحت بیمہ | غیر جانب دار ثالث | پینشن کی رقوم | فوجی الاؤنس |
|---|---|---|---|---|---|---|

*متعین شدہ ولدیت کے ساتھ:* پینشن کی رقوم، فوجی الاؤنس

## حفاظتی ملاحظات

امداد اطفال کی خدمات کے لیے درخواست دینے کے لیے، آپ کو خود اپنے، اپنے بچے اور غیر تولیتی والدین کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے۔ جب آپ ذیل کے مراحل پڑھیں گے تو، آپ اس سے پیدا ہو سکنے والی کسی حفاظتی تشویش کے بارے میں سوچنے کے خواہاں ہو سکتے ہیں۔

- **ولدیت کا تعین:** اگر ولدیت نامعلوم ہو تو OCSS فیملی کورٹ میں ولدیت کے تعین کے لیے عرضی دائر کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ والدین سے کیس کے حقائق اور حالات کے بارے میں گواہی دینے کے لیے ***عدالت میں حاضر ہونے کا*** (ورچوئل طریقے سے یا بذات خود) تقاضا کیا جائے گا۔ آپ یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ عدالت علیحدہ تاریخوں اور دنوں کو ***جینیاتی جانچ*** کا حکم دے۔

- **سپورٹ کا قیام:** OCSS فیملی کورٹ میں امداد اطفال کی عرضی دائر کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے (ورچوئل طریقے سے یا بذات خود) ***عدالت میں حاضر ہونے*** کا تقاضا کیا جائے گا۔ دونوں والدین کی ***آمدنی اور اخراجات کو پیش کیا جائے گا*** اور انہیں استعمال کر کے امداد اطفال کے آرڈر کا تعین کیا جائے گا۔

- **امداد کی وصولی:** غیر تولیتی والدین کے ***آجر سے رابطہ کیا جائے گا*** تاکہ عدالت کی آرڈر کردہ امداد اطفال کی ادائیگیاں ان کی تنخواہ کے چیک سے وضع کر کے OCSS کو بھیجی جائیں۔ اگر آجر کا علم نہیں ہے تو، ***ماہانہ بلنگ کا گوشوارہ*** غیر تولیتی والدین کو میل کیا جائے گا اور ان سے علیحدہ طور پر OCSS کو براہ راست ادا کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

- **ترمیم:** حالات تبدیل ہو جانے پر، آپ یا غیر تولیتی والدین عرضی دائر کر کے فیملی کورٹ سے اس وجہ سے ***امداد کے کسی موجودہ آرڈر میں ترمیم*** کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کے بچے کی ضروریات تبدیل ہو گئی ہیں/یا غیر تولیتی والدین کی آمدنی تبدیل ہو گئی ہے۔

- **امداد کا نفاذ:** اگر غیر تولیتی والدین ادائیگیاں بھول جاتے ہیں، تو قانونی پیمانۂ وقت کے مطابق ***نفاذ کی کارروائیاں*** شروع کی جائیں گی۔ یہ کارروائیاں اسی وقت ہو سکتی ہیں اور اس میں درج ذیل چیزیں شامل ہو سکتی ہیں:

  - وفاق اور ریاستی ٹیکس کی رقم کی واپسی کی موقوفی
  - لاٹری کی موقوفی
  - کریڈٹ ایجنسیوں کو قرض کی اطلاع
  - ڈرائیونگ لائسنس کی معطلی
  - بینک اکاؤنٹ کی ضبطی
  - نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے ٹیکس اور مالیات (New York State Department of Taxation and Finance) کے نام ریفرل
  - امریکی پاسپورٹ سے انکار
  - ذاتی ضرر کے تصفیے/کارکنوں کے معاوضہ کی موقوفی

- **گزارے کی لاگت میں ایڈجسٹمنٹ (Cost of living adjustment, COLA):** کم از کم دو سال پرانے امداد اطفال کے آرڈرز COLA کے جائزے کے لیے اہل ہیں۔ اس جائزہ سے عدالت گئے بغیر وہ ***امداد اطفال کی رقم بڑھ*** سکتی ہے جو غیر تولیتی والدین پر ادا کرنا لازم ہے۔

## امداد اطفال طلب کرتے ہوئے محفوظ رہنا

امداد اطفال پروگرام اور عدالت کے پاس امداد اطفال کی خدمات تک بحفاظت رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے طریقے موجود ہیں۔

عدالت میں بذات خود حاضری کی بجائے https://www.nycourts.gov/LegacyPDFS/FORMS/familycourt/pdfs/4-24.pdf پر الیکٹرانک شہادت کی درخواست مکمل کر کے الیکٹرانک شہادت کی درخواست کریں۔

---

عدالت سے آپ کے مقام، رہائش، یا آجر کا افشاء نہیں کرنے کی درخواست کریں۔ عدالت آپ کی طبعی حفاظت کے مدنظر سماعت سے قبل، اس کے دوران اور اس کے بعد اضافی احتیاطی تدابیر پیش کر سکتی ہے۔

پتہ کی رازداری کے بارے میں https://www.nycourts.gov/CourtHelp/Family/confidentiality.shtml پر مزید جانیں.

---

آپ کے مقام/رہائش یا ملازمت کی معلومات کو عرضیوں، نوٹسز یا کسی دیگر مطلوبہ مالیاتی افشاء سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ **یوں تو آپ کا پتہ تمام فارموں سے ہٹایا جا سکتا ہے، مگر کاؤنٹی کا نام، امداد اطفال کی ایجنسی یا آرڈر جاری کرنے والی عدالت کا نام ہٹانا ممکن نہیں ہے۔**

---

جینیاتی جانچ کے مدنظر اپنی لیباریٹری کی اپائنٹمنٹ سے درخواست کریں کہ ولدیت کے تعین کا شیڈول دوسرے والدین سے علیحدہ طور پر متعین کیا جائے۔

---

فیملی کے جرم کی عرضی مکمل کر کے تحفظ کا آرڈر فائل کریں۔
https://www.nycourts.gov/CourtHelp/Safety/familyfiling.shtml پر مزید جانیں.

---

اگر آپ کو تحفظ کے بارے میں فوری طور پر کسی سے بات کرنے کی ضرورت ہو تو رابطہ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| **NYS کی گھریلو اور جنسی تشدد سے متعلق ہاٹ لائن** | **کال کریں: 1-800-942-6906** | **متنی پیغام بھیجیں:1-844-997-2121** | **چیٹ کریں: www.opdv.ny.gov** |
| **NYC کی گھریلو تشدد سے متعلق ہاٹ لائن:** | **کال کریں: 621-HOPE-1-800** | **1-800-621-4673** | |

گھریلو یا جنسی تشدد کا سامنا کرنے والے، وسائل یا معلومات طلب کرنے والے، یا اپنے رشتے کے غیر صحت مند پہلوؤں پر سوال کرنے والے کسی بھی فرد کے ساتھ رازدارانہ طور پر بات کرنے کے لیے اعلی درجے کے تربیت یافتہ ایڈووکیٹس 24/7/365 دستیاب ہیں۔

جس چیز سے فیملی، گھریلو، اور جنسی تشدد لازم آتا ہے اور جو وسائل دستیاب ہیں ان کے بارے میں جاننے کے لیے، https://opdv.ny.gov/about-domestic-violence اور www.nycourts.gov/CourtHelp/Safety/DVindex.shtml ملاحظہ کریں۔

**آپ حفاظت کے بارے میں معلومات کو کبھی بھی اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔** چاہے آپ نے پہلے ہی امداد اطفال کے کارکن کو بتا دیا ہو کہ آپ کو کوئی حفاظتی تشویش لاحق نہیں ہے، مگر معاملات تبدیل ہوتے ہیں اور OCSS محفوظ رہنے میں آپ کی مدد کرنا چاہتا ہے۔

## عوامی مراعات اور امداد اطفال کے بارے میں

اگر آپ نقد اعانت موصول کرنے کے لیے درخواست دے رہے ہیں، یا دینے پر غور کر رہے ہیں تو، امداد اطفال کا کیس خود بخود کھل سکتا ہے اور آپ سے امداد اطفال کے پروگرام میں تعاون کرنے کا تقاضا کیا جائے گا۔ ایسے اقدامات موجود ہیں جنہیں OCSS اس پورے عمل میں آپ کو اور آپ کے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے اختیار کر سکتا ہے۔ گھریلو تشدد کے سبب تخفیف اور/یا معقول وجہ کا تعین آپ کو امداد اطفال کے پروگرام کے میں تعاون کرنے کے تمام یا بعض تقاضوں سے بری قرار دے سکتا ہے۔

**امداد اطفال کے بارے میں آج ہی nyc.gov/hra/ocss پر مزید جانیں یا dcse.cseweb@dfa.state.ny.us پر ہمیں ای میل کریں۔**